# Regional Urdu Text Bulletin, Chatrapati Sambhajinagar

Date: 15 June-2025

Time: 09:00-09:10 am

## آ کاشوانی چھترپتی سمبھا جی نگر

علاقائی خبریں

تاریخ: ۱۵؍جون ۲۰۲۵ء

وقت: ۹:۰۰-۹:۱۰

***** ***** *****

:::::: سرخیاں ::::::

پیش ہے خاص خبروں کی سرخیاں:

☆ مرکزی حکومت نے ملک کے تمام 787 بوئنگ طیاروں کی تکنیکی جانچ کا دیا حکم؛ احمد آباد ہوائی حادثے میں مرنے والوں کی کُل تعداد ہوئی 254۔

☆ میڈیکل داخلہ امتحان NEET-UG کے نتائج کا اعلان؛ ریاست کے کرشانگ جوشی ملک میں تیسرے مقام پر۔

☆ بین الاقوامی یونیورسٹیز کا پہلا تعلیمی مرکز ممبئی میں قائم کیا جائے گا: وزیرِ اعلیٰ کا اعلان۔

☆ جنوبی افریقہ نے آسٹریلیاء کو پانچ وِکٹوں سے شکست دیکر عالمی ٹیسٹ کرکٹ چمپئن شپ کی اپنے نام۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھا جی نگر ضلع میں آسمانی بجلی گرنے سے چار افراد ہلاک اور دو زخمی۔

***** ***** *****

اب خبریں تفصیل سے:

Diretorate General Of Civil Aviation (DGCA) نے احمد آباد ہوائی حادثے کے بعد ملک میں کام کرنے والے 34' بوئنگ 787 طیاروں کی مکمل جانچ کا حکم دے دیا ہے۔ شہری ہوا بازی کے وزیر رام موہن نائیڈو نے کل نئی دہلی میں ایک صحافتی کانفرنس میں یہ بات کہی۔ وزیرِ موصوف نے بتایا کہ اب تک آٹھ ہوائی جہازوں کا معائنہ ہو چکا ہے۔ انھوں نے بتایا کہ حادثے کی تحقیقات کیلئے داخلہ سیکریٹری کی سربراہی میں مختلف شعبوں کے ماہرین کی ایک کمیٹی تشکیل دی گئی ہے۔ وہیں احمد آباد ہوائی حادثے میں مرنے والوں کی تعداد 254 ہو چکی ہے۔ ان میں طیارے کے 241 افراد، میڈیکل کالج ہاسٹل کے پانچ اور قریبی علاقے کے آٹھ افراد شامل ہیں۔ اس حادثے میں مرنے والوں کے اہلِ خانہ کو ایئر انڈیا فوری مدد کے طور پر 25 لاکھ روپئوں کی رقم فراہم کرے گا۔ ٹاٹا گروپ نے ہلاک ہونے والوں کے اہلِ خانہ کو ایک کروڑ روپئوں کی امداد کا پہلے ہی اعلان کیا ہے۔

***** ***** *****

میڈیکل کے داخلہ امتحان NEET-UG:2025 کے نتائج کا اعلان کر دیا گیا ہے' جس میں مہاراشٹر کے کرشانگ جوشی نے تیسرا مقام حاصل کیا۔ راجستھان کے مہیش جوشی نے اوّل' جبکہ مدھیہ پردیش کے اُتکرش اودھیہ نے دوسری پوزیشن حاصل کی۔ تمام نتائج National Testing Agency (NTA) کی ویب سائٹ پر دستیاب ہے۔ اس امتحان میں 22 لاکھ سے زیادہ امیدواروں نے شرکت کی۔

اسی بیچ ممبئی میں CBI کی خصوصی عدالت نے دو افراد کو آئندہ پیر تک پولس حراست میں بھیج دیا ہے۔ ان دونوں نے طالب علموں سے NEET-UG امتحان میں اچھے نمبرات دلانے کا وعدہ کر کے دھوکہ دیا تھا۔ یہ دونوں کیریئر گائیڈنس انسٹیٹیوٹ چلاتے ہیں جو نئی ممبئی اور پونے کے کالجیس میں داخلوں کے حوالے سے رہنمائی کرتے ہیں۔

***** ***** *****

وزیرِ اعلیٰ دیویندر پھڑنویس نے کہا ہے کہ ملک میں بین الاقوامی یونیورسٹیوں کا پہلا مرکز ممبئی میں قائم کیا جا رہا ہے۔ ریاست میں پانچ بین الاقوامی یونیورسٹیز کے کیمپس قائم کرنے کی خاطر، حکومت کی جانب سے ان یونیورسٹیز کو کل ممبئی میں ایک تقریب کے دوران Letter Of Intents پیش کیے گئے۔ اس موقع پر تعلیم کے مرکزی وزیر دھرمیندر پردھان سمیت کئی معززین موجود تھے۔ اپنے خطاب میں وزیرِ تعلیم نے کہا کہ اب ملک میں ہی طلبہ کو کم فیس میں عالمی معیار کی تعلیم ملے گی۔

***** ***** *****

بین الاقوامی یوگا دِن آئندہ 21 جون کو منایا جائے گا۔ اس برس کے یوگا دن کا تصور ''ایک زمین' ایک صحت کیلئے یوگا کو اپنانا'' ہے۔ آیوش کے مرکزی وزیر پرتاپ راؤ جادھو نے کل نئی دہلی میں ''عالمی یوگا سمٹ- یوگا کنیکٹ 2025'' نامی چوٹی کانفرنس کا افتتاح کیا۔

***** ***** *****

یوگا دن کی مناسبت سے آکاشوانی روزانہ اپنے سامعین کیلئے ایک آسن سے متعلق معلومات دے رہا ہے۔ چھترپتی سمبھاجی نگر کے یوگا کی تربیت دینے والے اُستاد بھاسکر جادھو نے آج ''وجراسن'' سے متعلق بتایا کہ اس آسن کے کرنے سے ہاضمہ درست ہوتا ہے اور بھوک لگتی ہے۔ انھوں نے گھٹنوں کی تکلیف میں مبتلا مریضوں سے یہ آسن نہ کرنے کی اپیل کی۔

***** ***** *****

دیگر پسماندہ ذاتوں (OBC) کی ترقی کے ریاستی وزیر اتل ساوے نے کل ہنگولی میں نامہ نگاروں سے بات کرتے ہوئے کہا کہ مرکزی حکومت 'عام آدمی' پر توجہ مرکوز کرکے کام کررہی ہے۔ وزیرِ موصوف نے حکومت کی کارکردگی کے بارے میں معلومات دی۔ اس موقع پر رکنِ اسمبلی تاناجی مٹکڑے سمیت کئی معززین موجود تھے۔

***** ***** *****

نائب وزیرِ اعلیٰ اجیت پوار نے کل آشاڑھی واری کیلئے انتظامیہ کی جانب سے کی گئی تیاریوں کا جائزہ لیا۔ پوار نے تمام سرکاری ایجنسیوں کو ہدایت دی کہ تمام پالکھیوں، دِنڈیوں اور وارکری عقیدت مندوں کو مکمل سہولیات فراہم کریں اور اس تعلق سے باہمی تال میل برقرار رکھیں۔
اسی بیچ مختلف مقامات سے پنڈھرپور جانے والی دِنڈیاں مراٹھواڑہ سے گذر رہی ہیں۔ شریکشیتر شیگاؤں کے سنت گجانن مہاراج کی دِنڈی آج ہنگولی ضلع سے ہٹّا کے راستے پربھنی ضلع میں داخل ہوگی۔ اسی طرح چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے شریکشیتر پیٹھن کے سنت ایکناتھ مہاراج کی دِنڈی 18 جون کو روانہ ہوگی۔

***** ***** *****

ناندیڑ ضلع نے محکمۂ صحت کی ریاست گیر اسکیم کایا کلپ پر عمل آوری میں پہلا مقام حاصل کیا ہے۔ ضلع کے 70 میں سے 41 صحت مراکز یعنی 50 فیصد سے زیادہ نے سال 25-2024 کیلئے یہ ایوارڈ حاصل کیا۔ جس کے بعد ناندیڑ ضلع اس اسکیم پر عمل آوری میں سرِ فہرست بن گیا۔ کایا کلپ ایوارڈ تمام سرکاری اسپتالوں میں صحت کے بنیادی ڈھانچے، صفائی اور دیگر سرگرمیوں کیلئے میرٹ کی بنیاد پر دیا جاتا ہے۔ ضلع میں پہلا کایا کلپ ایوارڈ دیگلور تعلقے کے مرکھیل بنیادی طبّی مرکز نے حاصل کیا ہے۔ اس کے تحت دو لاکھ روپئے نقد دیئے جاتے ہیں۔

***** ***** *****

ودربھ کے علاوہ ریاست کے دیگر تمام ڈویژنوں میں کل سے نیا تعلیمی سال شروع ہورہا ہے۔ایک ہفتے بعد یعنی 23 جون سے ودربھ میں نئے تعلیمی سال کا آغاز ہوجائے گا۔اس موقع پر اسکولی تعلیم کا محکمہ ریاست بھر میں اسکول داخلہ فیسٹیول منائے گا۔اس پہل کے تحت وزیرِ اعلیٰ' کابینی اراکین' عوامی نمائندے اور سرکاری عہدیداران قریبی اسکولوں کا دورہ کریں گے۔چھترپتی سمبھاجی نگر میں بھی اسکولی طلبہ کے خیر مقدم کی تیاریاں کی گئی ہیں۔پہلی بار اسکول آنے والے بچوں کا پھولوں کی پنکھڑیاں نچھاور کرکے استقبال کیا جائے گا۔

اسی کے تحت ناندیڑ ضلع میں کلکٹر راہل کرڈیلے اور ضلع پریشد کی سی ای او میگھنا کاوَلی کے نظریے کے مطابق ایک پروگرام شروع کیا جارہا ہے۔اس میں ضلع پریشد کی پہلی جماعت میں داخلہ لینے والے ہر طالب علم کو ایک خصوصی ''یادگار فارم'' دیا جائے گا۔اس فارم میں اسکول' طالب علم اور سرپرستوں کے نام لکھے جائیں گے' ساتھ ہی طالبِ علم کی جانب سے لکھا گیا پہلا مراٹھی اور انگریزی کا حرف اور عدد درج کیا جائے گا۔پہلی جماعت کے اس طالبِ علم کے خود کے خیالات اور ایک تصویر بھی اس فارم میں رہے گی۔اس فارم کے پہلے صفحے پر ''2035 میں کھولیں اور یاد کریں'' یہ خاص پیغام لکھا جائے گا تاکہ طالبِ علم دسویں جماعت میں پہنچے تو وہ اپنے تعلیمی سفر کے پہلے دن کو یاد کرے۔اس پہل کا یہی مقصد ہے۔

***** ***** *****

جالنہ کی رابطہ وزیر پنکجا منڈے نے متعلقہ محکمہ جات کے سربراہان کو ہدایت دی ہے کہ وہ جالنہ ضلع کے سالانہ ترقیاتی منصوبوں کے تحت منظور کیے گئے 500 کروڑ روپیوں سے زائد کے فنڈز کو بروقت خرچ کریں۔وزیرِ موصوفہ کل منصوبہ بندی کمیٹی کے جائزاتی اجلاس سے خطاب کررہی تھی۔انھوں نے مشورہ دیا کہ سرکاری اداروں کو ملنے والے فنڈز سے ترقیاتی کام کرتے وقت عوامی نمائندوں کے ساتھ ہم آہنگی پیدا کرنی چاہیے۔منڈے کے ہاتھوں کل پولس محکمے کیلئے خریدی گئی گاڑیاں بھی عوام کے نام وقف کی گئیں۔

***** ***** *****

جنوبی افریقہ نے عالمی ٹیسٹ کرکٹ چمپئن شپ جیت لی ہے۔لندن میں کھیلے گئے میچ میں کل جنوبی افریقہ نے آسٹریلیاء کو پانچ وِکٹوں سے شکست دے دی اور فتح کیلئے مطلوبہ 282 رنز بنالیے۔جنوبی افریقہ نے 27 برسوں بعد آئی سی سی ٹورنامنٹ جیتا ہے۔

***** ***** *****

چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع کے سلوڑ تعلقے میں کل آسمانی بجلی گرنے سے چار افراد کی موت ہوگئی۔ساروڑا دیہات میں دو شخص موڑھا میں ایک خاتون جبکہ پمپلدری میں ایک شخص کے ہلاک ہونے کی خبر ہے۔اسی بجلی گرنے سے دو افراد کے زخمی ہونے کی بھی اطلاع ہے۔اس کے علاوہ چار جانور بھی مارے گئے ہیں۔ضلع میں گذشتہ تین چار دنوں کی موزوں بارش کے بعد کسانوں نے بیج بونے شروع کردیئے ہیں۔

***** ***** *****

رابطہ وزیر اتل ساوے نے ہدایت دی ہے کہ ناندیڑ ضلع میں بارش اور طوفان سے تباہ ہوئی زرعی فصلوں کی رپورٹ فوری طور پر حکومت کو پیش کی جائے تاکہ متاثرہ کسانوں کو جلد از جلد معاوضہ ادا کیا جاسکے۔وزیرِ موصوف نے بتایا کہ آئندہ کابینی اجلاس میں فصلوں کے نقصانات کی رپورٹ پیش کرکے کسانوں کو معاوضہ ادا کرنے کی کوشش کی جائے گی۔

اسی بیچ پربھنی میں وسنت راؤ نائیک زرعی یونیورسٹی کے موسمی مرکز نے مراٹھواڑہ میں آئندہ پانچ دِنوں کے دوران ہلکی سے درمیانی درجے کی بارش ہونے کا امکان ظاہر کیا ہے۔

***** ***** *****

::::: سرخیاں :::::

آخر میں اس بلیٹن کی خاص خبریں ایک بار پھر:

☆ مرکزی حکومت نے ملک کے تمام 787 بوئنگ طیاروں کی تکنیکی جانچ کا دیا حکم؛ احمد آباد ہوائی حادثے میں مرنے والوں کی کُل تعداد ہوئی 254۔

☆ میڈیکل داخلہ امتحان NEET-UG کے نتائج کا اعلان؛ ریاست کے کرشانگ جوشی ملک میں تیسرے مقام پر۔

☆ بین الاقوامی یونیورسٹیز کا پہلا تعلیمی مرکز ممبئی میں قائم کیا جائے گا: وزیرِ اعلیٰ کا اعلان۔

☆ جنوبی افریقہ نے آسٹریلیاء کو پانچ وِکٹوں سے شکست دیکر عالمی ٹیسٹ کرکٹ چمپئن شپ کی اپنے نام۔

اور۔۔۔☆ چھترپتی سمبھاجی نگر ضلع میں آسمانی بجلی گرنے سے چار افراد ہلاک اور دو زخمی۔

***** ***** *****

اس کے ساتھ ہی علاقائی خبریں ختم ہوئیں۔

ان خبروں کو آپ AIR چھترپتی سمبھاجی نگر یوٹیوب چینل، پر دوبارہ کسی بھی وقت سن سکتے ہیں۔

***** ***** *****